Maulana Azad National Urdu University

M.A. Urdu : I Semester Examination - December - 2017

Paper : MAUR102CCT : Tarikh Adab-e-Urdu

پرچہ : تاریخ ادب اردو

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں **10** لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو**(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال نمبر : 1

(i) کس شاعر نے ایہام گوئی میں سب سے زیادہ شہرت حاصل کی؟

(a) مضمون (b) ناجی (c) شاہ مبارک آبرو (d) یکرنگ

(ii) اس شعر میں کونسا لفظ ایہام کا ہے؟

دم میں ستمگروں کا بہا کر لہو پھری سرکاٹ کے جدھر سے پھری سرخرو پھری

(a) ستمگر (b) لہو (c) سر (d) سرخرو

(iii) غالبؔ نے ابتداء میں فارسی کے کس شاعر کے رنگ میں غزلیں کہیں؟

(a) بیدلؔ (b) میر تقی میرؔ (c) سوداؔ (d) خواجہ میر دردؔ

(iv) یہ شعر کس شاعر کا ہے؟

تم میرے پاس ہوتے ہو گویا جب کوئی دوسرا نہیں ہوتا

(a) غالبؔ (b) مومنؔ (c) دردؔ (d) میرؔ

(v) ’’انگریزی ہندوستانی لغت‘‘ کس کی تصنیف ہے؟

(a) تھامس روبک (b) کیپٹن جوزف ٹیلر (c) ڈاکٹر گلکرسٹ (d) ڈاکٹر ولیم ہنٹر

(vi) آرائش محفل کے مصنف کون ہیں؟

(a) میر بہادر علی حسینی (b) سید حیدر بخش حیدری (c) مرزا علی لطف (d) میر امن

(vii) میر بہادر علی حسینی نے سحر البیان کے قصے کو نثر میں کس نام سے لکھا؟

(a) اخلاق ہندی (b) نثر بے نظیر (c) باغ اردو (d) باغ و بہار

(viii) ماسٹر رام چندر کس کالج سے وابستہ تھے؟

(a) فورٹ ولیم کالج (b) فورٹ سینٹ جارج کالج (c) دلی کالج (d) علی گڑھ مسلم یونیورسٹی

(ix) جامعہ عثمانیہ کا قیام کب عمل میں آیا؟

(a) 1917 (b) 1919 (c) 1920 (d) 1921

(x) خواجہ حیدر علی آتش کا تعلق اردو کے کس دبستان سے ہے؟

(a) دبستان دہلی (b) دبستان رامپور (c) دبستان دکن (d) دبستان لکھنو

حصہ دوم

2۔ اردو شاعری میں ولی کی اہمیت کیوں ہے؟

3۔ فورٹ سینٹ جارج کالج کی اردو خدمات پر ایک نوٹ لکھیے۔

4۔ میرؔ کی غزل گوئی کی خصوصیات بیان کیجیے۔

5۔ دار الترجمہ جامعہ عثمانیہ کی خدمات پر روشنی ڈالیے۔

6۔ حالی کی ادبی خدمات بیان کیجیے۔

7۔ ترقی پسند تحریک کا جائزہ لیجیے۔

8۔ دبستان دہلی اور دبستان لکھنو کی خصوصیات کا تقابلی جائزہ لیجیے۔

9۔ جدیدیت پر ایک نوٹ لکھیے۔

حصہ سوم

10۔ ایہام گوئی سے کیا مراد ہے؟ ایہام گو شعرا کے بارے میں تفصیل سے لکھیے۔

11۔ اردو ادب پر علی گڑھ تحریک کے کیا اثرات مرتب ہوئے؟ واضح کیجیے۔

12۔ اردو نظم کے فروغ میں انجمن پنجاب کی خدمات پر تبصرہ کیجیے۔

13۔ دبستان لکھنو کے اہم شعراء کا تعارف کرائیے۔

14۔ فورٹ ولیم کالج کی ادبی خدمات کا تفصیلی جائزہ لیجیے۔

☆☆☆